نام: ________________ رول نمبر: ______________ سیکشن: _________________

# اسلامیات: نماز

پیارے بچو! اسلام کے پانچ ارکان ہیں۔ نماز اسلام کا دوسرا اور اہم رکن ہے۔ قرآن پاک میں زیادہ مقامات پر نماز کا ذکر آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ عبادت کا بہترین طریقہ نماز ہے۔ ایک مسلمان پر دن میں پانچ نمازیں فرض کی گئی ہیں۔ نماز پڑھنے سے پہلے وضو ضروری ہے۔ اللہ پاک ہے اور وہ پاک صاف چیزیں پسند کرتا ہے۔ اس لیے نماز کے لیے جسم، لباس اور جگہ کا پاک صاف ہونا ضروری ہے۔ مسجد میں نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب ملتا ہے۔





**درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔**

(i) ایک مسلمان پر دن میں [ پانچ / چار ] نمازیں فرض ہیں۔

(ii) [ مسجد / گھر ] میں نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے۔

(iii) نماز اسلام کا [ دوسرا / پہلا ] رکن ہے۔

(iv) عبادت کا سب سے بہترین طریقہ [ روزہ / نماز ] ہے۔

(v) اسلام کے [ پانچ / سات ] ارکان ہیں۔

LIVEWORKSHEETS